زبیر رضوی

پورا نام سید زبیر احمد رضوی اور والد کا نام سید محمد رضوی ہے۔ زبیر رضوی 1936ء میں امروہہ (یوپی) میں پیدا ہوئے۔ زبیر رضوی کی ابتدائی تعلیم امروہہ اور حیدرآباد میں ہوئی۔ لیکن اردو میں ایم۔اے دلی یونی ورسٹی سے کیا۔ ان کی پہلی تحریر 1969ء میں 'ماہِ نو' کراچی میں شائع ہوئی۔

ان کی تخلیقات میں 'لہر لہر ندیا گہری'، 'خشت دیوار'، 'دامن'، 'پرانی بات ہے'، 'انگلیاں فگار اپنی'، 'دھوپ کا سائبان' اور 'مسافت شب' ہے۔ ان کی کلیات 'پورے قد کا آئینہ' کے نام سے شائع ہو چکی ہے۔ زبیر رضوی کی دوسری کتابیں 'غالب اور فنونِ لطیفہ' اور 'اردو فنون و ادب' ہیں۔

آل انڈیا ریڈیو سے وابستہ رہے۔ اسی ملازمت سے اپریل 1993ء میں ڈائرکٹر کے عہدے سے سبک دوش ہوئے۔

زبیر رضوی کی نظمیں زندگی اور سماج کی بوقلمونی کو بیش از بیش پیش کرتی ہیں۔ ان کی نظمیں عام طور پر مختصر ہوتی ہیں لیکن ان میں جامعیت کا پہلو نمایاں ہوتا ہے۔

یہ ہے میرا ہندوستان

یہ ہے میرا ہندستان
میرے سپنوں کا جہان
اس سے پیار مجھ کو

ہنستا، گاتا، جیون اس کا، دھوم مچاتے موسم
گنگا، جمنا کی لہروں میں سات سُروں کے سرگم
تاج، ایلورہ جیسے سندر تصویروں کے البم

یہ ہے میرا ہندستان
میرے سپنوں کا جہان
اس سے پیار مجھ کو

دن البیلے، راتیں اس کی مستی کی سوداگر
دھرتی جیسے پھوٹ بہی ہو دودھ کی کچی گاگر
اونچے اونچے پربت اس کے نیلے نیلے ساگر

یہ ہے میرا ہندستان
میرے، سپنوں کا جہان
اس سے پیار مجھ کو

بادل جھومے، برکھا برسے، پون جھکولے کھائے
دھرتی کے پھیلے آنگن میں یوں کھیتی لہرائے
جیسے بچہ ماں کی گود میں رہ رہ کے مسکائے

یہ ہے میرا ہندستان
میرے سپنوں کا جہان
اس سے پیار مجھ کو

رادھا، سیتا، چندر گائے، گائے اندو بالا
نینوں میں کاجل کے ڈورے سرخ گلابی گال
زلفوں کی وہ چھایا جیسے شملہ، نینی تال

یہ ہے میرا ہندستان
میرے سپنوں کا جہان
اس سے پیار مجھ کو

ڈھولک جاگی، مہندی لاگی، رنگ رنگیلا ساون
سکھیاں مل مل ہولی کھیلیں، سانوریا کے آنگن
گھونگھٹ میں گوری شرمائے پیا ملن کے کارن

یہ ہے میرا ہندستان
میرے سپنوں کا جہان
اس سے پیار مجھ کو

راجہ، رانی، گڈا، گڑی اور پریوں کی کہانی
بچوں کے جھرمٹ میں سنائے بیٹھ کے بوڑھی نانی
لوری گائے، ماتھا چومے، ممتا کی دیوانی

یہ ہے میرا ہندستان
میرے سپنوں کا جہان
اس سے پیار مجھ کو

البیلا پنجاب ہے اس کا رومانوں کی بستی
صبح بنارس، شامِ اودھ اور شالامار کی مستی
بمبئی جیسے شہر ہیں اس میں دلی جیسی بستی

یہ ہے میرا ہندستان
میرے سپنوں کا جہان
اس سے پیار مجھ کو

غالبؔ اور ٹیگورؔ یہیں کے میراؔ کالیداسؔ
یہیں ہوا تھا سچائی کا گوتمؔ کو احساس
یہیں لیا تھا ساتھ رام کے سیتا نے بن باس

یہ ہے میرا ہندستان
میرے سپنوں کا جہان
اس سے پیار مجھ کو

مندر، مسجد ہیں تو کہیں ہیں گرجا اور شوالے
ملّا، پنڈت، گیتا اور قرآن کے ہیں متوالے
ہندو، مسلم، سکھ، عیسائی دیش کے سب رکھوالے

یہ ہے میرا ہندستان
میرے سپنوں کا جہان
اس سے پیار مجھ کو

لفظ و معنی

بستی - گاؤں
سپنا - خواب
گاگر - گھڑا

ساگر - سمندر

پیار - محبت

سوداگر - تاجر، تجارت کرنے والے

دیش - ملک، وطن

سُر - دُھن

پون - ہوا

آپ نے پڑھا

- اس گیت میں شاعر نے اپنے وطن ہندوستان سے اپنی اٹوٹ گہری محبت کا اظہار کیا ہے۔ اس کے ہر بند میں ہندوستان کے حسین مناظر کو پیش کیا ہے۔ شاعر نے اپنے اردگرد کی تمام چیزوں کا گہرائی سے مشاہدہ کیا ہے اور بتایا ہے کہ یہاں گنگا جمنا کی لہریں گاتی رہتی ہیں۔ تاج محل اور ایلورا جیسے حسین مناظر ہیں یہاں کی زمین پاک صاف ہے۔ اونچے پہاڑوں سے یہاں حسن میں اضافہ ہوتا ہے۔ یہاں کی زرخیز زمین میں کھیتی لہلہاتی رہتی ہے۔ یہاں کے ہر خطے کا الگ الگ حسن دل کو کھینچتا ہے۔ یہاں کے ہر تہوار میں سب مل جل کر خوشیاں مناتے ہیں۔ یہاں کے گاؤں میں سکون اور شانتی ہے۔ شہروں میں ہماہمی کے باوجود رومان اور مستی ہے۔ یہاں بڑے بڑے فنکاروں اور صوفیوں نے جنم لیا ہے۔ تمام مذہب و ملت کے لوگ مل جل کر اپنے مذہب کے امور انجام دیتے ہیں۔ غرض ہندوستان کی سرزمین امن، شانتی، سکون اور فطری حسن کا گہوارہ ہے۔ ظاہر ہے کہ ایسے ماحول میں شاعر اپنے ملک سے محبت کا اظہار کرتا ہے تو وہ بڑا فطری معلوم ہوتا ہے۔

آپ بتائیے

1. زبیر رضوی کی جائے پیدائش کہاں ہے؟

(الف) میرٹھ (ب) امروہہ (ج) حیدرآباد (د) دلی

2. زبیر رضوی کا سنہ پیدائش کیا ہے؟

(الف) 1936ء (ب) 1937ء (ج) 1938ء (د) 1940ء

3. 'لہر لہر ندیا گہری' کس شاعر کا شعری مجموعہ ہے؟

(الف) بیکل اتساہی (ب) اجمل سلطان پوری (ج) زبیر رضوی (د) وسیم بریلوی

4. جمناندی کہاں ہے؟

(الف) بہار　　(ب) جھارکھنڈ　　(ج) اڑیسہ　　(د) دلی

5. شاعر نے سپنوں کا جہان کسے کہا ہے؟

(الف) اپنی اولاد کو　　(ب) اپنے والدین کو　　(ج) اپنے وطن ہندستان کو　　(د) ان میں سے کسی کو نہیں

مختصر گفتگو

1. زبیر رضوی کس ملازمت سے وابستہ رہے؟
2. زبیر رضوی کا پورا نام بتائیے۔
3. زبیر رضوی کے تین شعری مجموعوں کا نام بتائیے۔
4. زبیر رضوی کی پہلی تحریر کس رسالے میں شائع ہوئی؟

تفصیلی گفتگو

1. زبیر رضوی کے بارے میں دس سطریں لکھیے۔
2. زبیر رضوی نے اپنی نظم 'یہ ہے میرا ہندوستان' میں کن کن شہروں کا نام لیا ہے؟ کسی ایک شہر کے بارے میں پانچ جملے لکھیے۔
3. شاعر کے خیال میں اس کا وطن کیسا اور کہاں ہے؟
4. واحد سے جمع بنائیے۔

   شعر، تصویر، مندر، مسجد، قوم
5. جملوں میں استعمال کیجیے اور جنس بتائیے۔

   تصویر، مندر، مسجد، قرآن، کھیتی

آیئے، کچھ کریں

1. زبیر رضوی کی شاعری سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔
2. زبیر رضوی کے کچھ اور گیتوں کو اپنی کاپی پر لکھیے۔
3. زبیر رضوی کا یہ گیت زبانی یاد کر کے سنائیے۔